# دعا

<"xml encoding="UTF-8?>

دعا

۱سوال: دعا قبول ہونے کی کیا شرطیں ہیں؟ انسان کی کوشش اس میں کس قدر موثر ہو سکتی ہے؟
جواب: وہ استجابت جس کا وعدہ خداوند عالم نے کیا ہے اسکے لیے کسی شرط کی ضرورت نہیں ہے، خدا ہر پکارنے والے کی دعا کو قبول کرتا ہے اور اہل معرفت افراد کے لیے یہی کافی ہے لیکن اگر انسان دعا کرنے کی لذت کو درک کر لے تو اسکے بعد اسے کسی حاجت قبول ہونے کی پرواہ نہیں ہوگی، خدا سے حاجت چاہنے اور اسے قبول ہونے لے لیے کچھ ایسی شرطیں ہیں جو انسان کے اختیار سے باہر ہیں، بعض دفعہ انسان ایسی حاجت چاہتا ہے جو اس کی مصلحت میں نہیں ہوتی اور ممکن ہے کہ اس کی حاجت اس کے لیے مصلحت نہ رکھتی ہو، یا نظام طبیعت جہاں کے منافی ہو مگر انسان ان باتوں کو نہیں سمجھ پاتا۔
۲سوال: کیا دعا لکھنے والے کے پاس جاکر دعا لکھوانے میں شرعا کوئی قباحت ہے؟ سحر و جادو کے بارے میں آپ کا کیا حکم ہے؟
جواب: اگر وہ دعایں جو اہل بیت علیہم السلام سے وارد ہوئی ہیں اور معتبر کتابوں میں موجود ہیں جیسے مفاتیح الجنان لکھے تو کوئی حرج نہیں، مگر سحر و جادو جایز نہیں ہے۔
۳سوال: مرد کی شادی ہونے کے لیے کوئی دعا تجویز کریں؟
جواب: دو رکعت نماز پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے:
اللهم اني اريد ان اتزوج فقدّر لي من النساء اعفهن فرجاً، واحفظهن لي في نفسها وفي مالي، واوسعهن رزقاً، واعظمهن بركة
۴سوال: جس لڑکی کی شادی نہ ہو رہی ہو اس کے لیے دعا راہنمایی کریں ؟
جواب: دو رکعت فجر کی طرح نماز پڑھے اس کے بعد تسبیح حضرت زہرا سلام اللہ علیہا پڑھے اور بہتر ہے سر کو سجدے میں رکھے اور ۱۴ مرتبہ صلوات پڑھے اور اس کے بعد ۱۰۰ مرتبہ کہے {اللهم خِرلِی و اختـَرلِی } اور اس کے بعد دوبارہ ۱۴ مرتبہ صلوات پڑھے۔ اس نماز کو اور اس کے بعد کی دعاوں کو مختلف دنوں میں انجام دیا جائے تا کہ خداوند متعال اس کی شادی کے مسئلے کو حل کرے ۔
اسی طرح نماز استغاثہ حضرت زہرا سلام اللہ علیہا پڑہی جائے اور اس کا طریقہ جیسا کہ مفاتیح الجنان میں ہے کہ دو رکعت نماز پڑہی جائے ،نماز کے بعد تین مرتبہ تکبیر کہے ، تسبیح حضرت زہرا علیہا السلام پڑہے اور اس کے بعد سجدے میں جائے اور سو مرتبہ کہے { یا مولاتی یا فاطمة اغیثینی} اس کے بعد دایاں رخسار سجدہ گاہ پر رکھے اور دوبارہ سو مرتبہ { یا مولاتی یا فاطمة اغیثینی } کہے اور اس کے بعد سجدہ کرے اور سو مرتبہ کہے { یا مولاتی یا فاطمة اغیثینی} اس کے بعد بایاں رخسار سجدہ گاہ پر رکھے اور سو مرتبہ کہے { یا مولاتی یا فاطمة اغیثینی } اس کے بعد سر سجدے میں رکھے اور ایک سو دس مرتبہ کہے { یا مولاتی یا فاطمة اغیثینی } اور اپنی حاجت و طلب کرے۔